Southwestern Ontario Student Transportation Services
mybigyellowbus.ca
Tel No: (519) 649 1160

مئی 2024

**ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز**
**2024-2025 سال کے لیے اسکول بس کی رجسٹریشن**

اگلے تعلیمی سال کے لیے ٹرانسپورٹیشن بس کی رجسٹریشن اب شروع ہو گئی ہے !
طلباء کے لیے بس سروس کو زیادہ مؤثر طریقے سے شیڈول کرنے کے لیے، ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز (ایس ٹی ایس) (Southwestern Ontario Student Transportation Services (STS)کی طرف سے **ان طلباء کے لیے سالانہ لازمی ٹرانسپورٹیشن رجسٹریشن کا طریقہ کار موجود ہے، جو بس سروس کے اہل ہیں (annual mandatory transportation registration process for students who are eligible for bus service).**

15 جولائی سے پہلے رجسٹر کرنے کے لیے یہاں کلک کریں: **2024-2025 بس رجسٹریشن فارم (2024-2025 Bus Registration Form)**

**اپنے طالب علم کی شناخت (Student ID) کو جانیں:**
**رجسٹر کرنے سے پہلے، دیکھ بھال کرنے والوں کو یہ بھی یقینی بنانا چاہیے کہ وہ طالب علم کا شناختی نمبر (Student ID number) جانتے ہیں جو اسکول کے دفتر سے رابطہ کرنے پر یا اسکول کے پیرنٹ پورٹل (Parent Portal) پر دستیاب ہے۔**

**رجسٹریشن کی آخری تاریخ:**
نقل و حمل کی درخواستیں 15 جولائی، 2024 کو بند کر دی جائیں گی تاکہ اسکول شروع ہونے سے پہلے راستوں کو حتمی شکل دی جا سکے۔ نگہداشت کرنے والے جو 15 جولائی کے بعد بس کے لیے رجسٹر کراتے ہیں، انھیں تاخیر کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ اسکول کے آغاز کے لیے ٹرانسپورٹیشن مہیا نہ ہو ۔

**آپ کو اگلے سال بس سروس کی ضرورت نہیں ہے:**
کسی کارروائی کی ضرورت نہیں ہے۔ اسکول بس سروس ایک مشترکہ سواری کا ماحول ہے، جس میں متعدد طلباء دن کے دوران جگہ کااستعمال کرتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ کچھ دیکھ بھال کرنے والےذاتی وجوہات کی بنا پر بس سروس کا استعمال نہ کرنا چاہیں۔ اگر آپ بس سروس استعمال نہیں کر رہے ہیں، تو آپ کو رجسٹر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے حالات بدل سکتے ہیں، اگر ایسا ہو ، تو براہ کرم اُس وقت رجسٹریشن فارم پُر کریں۔

**ایس ٹی ایس پیرنٹ پورٹل (STS Parent Portal) :**
پورٹل اگست کے آخر میں ان تمام دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے کھلتا ہے جنھوں نے اسکول بس کے لیے رجسٹر کرایا ہے۔ پورٹل پر آپ کو بس کی تفصیلات (بس کا نمبر، بس اسٹاپ کے مقامات، اوقات، وغیرہ) ملیں گے۔ پیرنٹ پورٹل کو سیٹ اپ کرنے اور لاگ ان کرنے کے طریقے کی ہدایات ہماری ویب سائٹ پر یہاں مل سکتی ہیں :
https://www.mybigyellowbus.ca/parent-portal/

**اکثر پوچھے گئے سوالات:**
ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے سوالات ہوں گے؛ ہم آپ کی مدد کے لیے یہاں موجود ہیں!

- اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے لیے ہمارا ہیلپ پیج (Help Page)دیکھیں۔
- ہمارے رابطے (Contact Us) کے فارم کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں ایک پیغام بھیجیں
- ہماری رجسٹریشن کی ہاٹ لائن 519-649-1160 پر کال کریں

شکریہ،

ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز (Southwestern Ontario Student Transportation Services)
www.mybigyellowbus.ca